# ROVINCIAL ASSEMBLY SECRETARIAT,
# KHYBER PAKHTUNKHWA

https://www.pakp.gov.pk 0919210489 Ext: 1267 https://www.facebook.com/pakpgov


## LIST OF ADMITTED CALL ATTENTION NOTICES (9th Session)

**Notice No. 822**

**Department:- Home and Tribal Affairs**

توجہ دلاؤ نوٹس نمبر 822

منجانب:۔ جناب علی ہادی صاحب، رُکن صوبائی اسمبلی

میں وزیر برائے محکمہ داخلہ کی توجہ ایک اہم مسئلے کی جانب مبذول کرانا چاہتا ہوں وہ یہ کہ صوبائی قیادت کی سرپرستی میں امن معاہدہ ہونے کے باوجود آج تک ضلع کرم کے راستے عوام کے لیے مکمل اور موثر انداز میں نہیں کھولے گئے۔ جس کے باعث عوام شدید مشکلات کا سامنا کر رہی ہے۔ گزشتہ دو سالوں سے عوام کی تکالیف، پریشانیوں اور مشکلات میں کمی لانے کی بجائے مزید اضافہ ہو رہا ہے۔ مریض، طلبہ، تاجر اور عام شہری سب ہی اذیت کی کیفیت میں زندگی گزارنے پر مجبور ہیں۔ ایک ارب روپے کی خطیر لاگت سے مختلف چیک پوسٹیں قائم کی گئیں مگر بدقسمتی سے ان سے وہ مطلوبہ نتائج حاصل نہیں ہو سکے اور نہ ہی عوام کو خاطر خواہ ریلیف ملا۔ امن معاہدہ باہمی اتفاق رائے سے طے پایا تھا اس پر من و عن عملدرآمد یقینی بنایا جائے اور ضلع کرم کے تمام راستے ہر قسم کی آمد و رفت کے لیے فوری طور پر کھولنے کے احکامات جاری کئے جائیں تاکہ وہاں کی مظلوم عوام اذیت اور دلدل سے نکل سکیں۔